Bidar Betterment Foundation

مساجد تعلیمی تسلسل اور ملت کی فلاح و بہبود میں مثبت کردار ادا کریں

مسجد اسٹڈی سرکل عصر حاضر کی دیرینہ ضرورت

حضرت محمد ﷺ کے عہد زرین میں مساجد عبادات کے ساتھ انسانی حیات کے جملہ شعبہ جات کے سرگرم مراکز کے طور پر مقبول عام رہی ہیں۔ جیسے

درس و تدریس کا نظم ملی امور کے مسائل کے حل و وسائل کا نظم، معاشرتی اقدار کی بالیدگی، سماجی، مذہبی علمی و اخلاقی موضوعات کا نظم، جائے مشاورت وغیرہ

موجودہ زمانہ میں اس طرح کی سرگرمیوں کی انجام دہی میں بیشتر مساجد قاصر ہیں۔ مریض بطور عبادت گاہ کی علامتی ساخت اپنے اندر لئے ہوئے ہیں۔ طویل عرصہ سے مساجد مذہبی اقدار تعلیمی اقدار، معاشی اور معاشرتی اقدار اور ملت کے مفادات و سرخروئی کے نقطہ نظر سے مطلوبہ کردار کو وسیع النظری کے ساتھ روبہ عمل نہیں لا رہی ہیں۔

آج مساجد عبادات، اجتماعات، جلسہ کے انعقاد تک محدود ہیں۔ جبکہ ملت کے لئے تعلیمی مرکز تربیتی مرکز، اصلاحی سرگرمیاں اور معاشرتی طرز زندگی کے لئے اکتساب کے حصول کا بے بدل مرکز ہوسکتی ہے۔ مرکز مسجد کی گمشدہ حیثیت کی بحالی برکت و نصرت کی ضامن ہے۔

مساجد کے ماضی کے بے مثل کردار کے احیاء کا عزم ہمیں پورے امکانات فراہم کرتا ہے۔ جس کے ذریعہ عبادات میں اخلاص کے ساتھ ملت کی عصری اور مذہبی تعلیم کے نظم سے انقلابی طرز کے نتائج دیکھے جاسکتے ہیں۔

ہدف : بیدر بیٹ منٹ فاؤنڈیشن حد درجہ اخلاص کے ساتھ سنجیدہ ہے کہ مساجد کے ماضی میں ادا کردہ انقلابی کردار کو بحال کرنے کی سعی جمیلہ کی جائے۔ اس خصوص میں بی بی ایف نے مسجد اسٹڈی سرکل کے تحت پہل کرتے ہوئے طلبہ و نوجوانوں کے لئے تعلیمی حصول یابی کو روحانی سکون والے سنٹر کی طرف رجوع کروا کر اپنے مقاصد کا حصول اور اپنی صالحیت کو پروان چڑھنے کی سعی کر پائیں گے۔

مبني بر عقل

ہندوستان میں زائد از 7 رلاکھ مساجد میں ان میں اکثریت کثیر مسلم آبادی والے علاقوں میں میں جہاں بے شمار مسلم طلبہ اپنے گھروں میں عصری تعلیم کی تیاری یکسوئی اور پورے انہماک کے ساتھ نہیں کر پاتے۔ گھروں کے برعکس مساجد وہ جائے طمانیت ہیں جہاں یکسوئی کے ساتھ اور روحانی توانائی پاتے ہوئے عصری تعلیم کی تیاری عمدگی کے ساتھ کریں گے۔ بشرطیکہ انہیں مسجد میں مناسب سہولتیں فراہم کی جائیں مستقبل میں یہ طلبہ ملت کا اثاثہ ثابت ہوں گے۔

مسجد اسٹڈی سرکل کی ممکنہ گنجائش

عمومی طور پر مساجد کی بالائی منزلیں سوائے نماز جمعہ کے ہمیشہ ممکنہ اقدامات کے لئے گنجائش کا جواز رکھتی ہیں۔ اگر ذمہ داران مساجد علمائے کرام ملت کے مستقبل سے متعلق دردمندانہ فکر و خیال رکھنے والے احباب عملاً آگے بڑھیں تو ملت کے نوجوانوں کے لئے ایک بیش قیمت تحفہ ہوگا اور ان شاء اللہ اس کے مثبت اثرات معاشرہ پر مرتب ہوں گے۔ اگر فکر بلند ہو تو اس طرح کے اقدامات بعجلت ممکنہ ہوسکتے ہیں۔ اسٹڈی سرکل میں وضع کردہ فرنیچر فولڈ (Fold) اور نقل مکان (Move) کیا جاسکتا ہے جس سے نمازوں کے اہتمام کی پہلی والی گنجائش بحال کرلی جاسکتی ہے۔ بالخصوص نماز جمعہ کے پیش نظر مسجد کی کشادگی بحال ہوجائے گی۔



مسجد شاہ ابوالحسن قادری، بیدر



مسجد مصطفیٰ
سپنالے آوٹ، بیدر

آج کل شہروں میں بے شمار اسٹڈی سنٹر، تجارتی انداز میں چل رہے ہیں ۔ جہاں ہر ماہ 3000/روپئے مختصر وقفے کے لئے لیے جاتے ہیں جبکہ ہماری مساجد میں اس طرح کا اسٹڈی سرکل کا نظم بلا معاوضہ کیا جاسکتا ہے ۔ طلبہ محض مطالعہ کی کتب اور مواد مضمون کے ساتھ آئیں اور انتہائی خوشگوار ماحول میں اپنی تعلیمی اور مسابقتی تیاری کریں ۔ اگر اس طرح کا جرأت مندانہ اقدام مساجد اسٹڈی سرکل سے متعلق کرلیا جائے تو ہمارے طلبہ میں ایک انقلابی طرز کی تبدیلی رونما ہوگی ۔ مالی مسائل کا بوجھ ان پر نہیں پڑے گا اور یہ طلبہ جو ملت کے مستقبل کا سرمایہ ہیں، ایسے نقش چھوڑیں گے کہ ملت خود شناس ہوگی ۔ اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال کرے گی ۔ گھر، خاندان اور معاشرہ میں ہر سطح کی صحت مندی اور تقلیدی صفات پروان چڑھیں گی اور اس طرح مساجد کے ماضی کے کردار کی بحالی تغیر و تبدل کی علامت بن جائیں گی ۔

مسجد اسٹڈی سرکل کے نظریہ اور نمونے کو اختیار کرتے ہوئے ہم بے شمار مسائل پر قابو پاسکتے ہیں، بامقصد اور بااثر معاشرہ کی تشکیل میں یہ نہ صرف حوصلہ کی بات ہے بلکہ ہر ذی فہم ملی تڑپ رکھنے والوں کو یہ وسائل قائل اور عمل کے لئے آمادہ کرتے ہوئے پورے ملک کے لئے قابل تقلید پیغام بھی ثابت ہوسکتا ہے ۔

خوش آئند تبدیلی

اگر مسلمانان ہند ملک کی 5/فیصد مساجد میں بھی اسٹڈی سرکل کو قائم کرلیتے ہیں تو یقین کریں کہ ملت کے طلبہ کی ایک بڑی تعداد مستفید ہوگی ۔ اس طرح کے فلاحی اقدامات بظاہر تعلیمی مظاہرہ تک محدود نہیں بلکہ اس کے ثمرات پوری ملت کی آبیاری کریں گے ۔

1۔ اسٹڈی سرکل کے لئے موزوں و مناسب، اچھا ماحول مسجد کے روحانی فیوض کے حصول کی فراہمی کا ذریعہ ہے ۔

2۔ طلبہ کو راغب کیا جائے حوصلہ بخشا جائے کہ اسٹڈی سرکل سے مستفید ہوتے ہوئے مذہبی اقدار سے بھی واقفیت حاصل ہوگی ۔

3۔ اسٹڈی سرکل کے ذریعہ ناصحانہ صفات اور شفقت آمیز رویہ سے واقفیت مساجد کے ذمہ داروں اور علماء کرام کی صحبتوں سے حاصل ہوگا ۔

4۔ اپنے مذہبی تشخص میں توانائی اور سماجی روابط میں زبردست تحریک پیدا ہوگی ۔ جو ملت کے لئے خیر خواہی کے جذبات کو متحرک رکھے گی ۔

پہل : بی بی ایف نے بیدر کے متعدد مساجد میں اسٹڈی سرکل کا آغاز کردیا ہے، ابتدائی نتائج حوصلہ افزا ہیں ۔ طلبہ یہاں سے مستفید ہوتے ہوئے طمانیت محسوس کررہے ہیں ۔ **عمل کے لئے رابطہ کریں!**

استدعا : بیدر ریٹرمنٹ فاؤنڈیشن مساجد کے ذمہ داروں علماء کرام، معاشرہ کی بااثر شخصیات سے ملتمس ہے کہ ہماری اس مہم کا دست راست بنیں، ہم مل کر ہی مسجد کو مرکز برائے ہمہ مقاصد اکتساب گاہ بنا سکتے ہیں اور ملت کو ترقی کی راہ پر ڈال سکتے ہیں ۔

بیدر ریٹرمنٹ فاؤنڈیشن استفسار کرتا ہے : ہندوستان بھر کی تمام تنظیموں، ملی و سماجی تحریکوں، جماعتوں اور نجی طور پر فلاحی کام کرنے والے اداروں سے پرزور گزارش کرتا ہے کہ اس اہم اور بامقصد و بااثر معاشرتی تحریک میں ہر طرح کا تعاون و اشتراک کریں تاکہ ملت کا معیار ہر سطح پر بلند ہوسکے ۔ آپ کے ربط کا ہمیں انتظار رہے گا ۔





مسجد مصطفیٰ
سپنالے آؤٹ، بیدر





مسجد قریش
مالیگاؤں، مہاراشٹرا

100/شہروں میں مسجد اسٹڈی سرکل قائم کرنے کی اپیل

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم یہ اعلان کرتے ہوئے بے حد مسرت وخوشی محسوس کر رہے ہیں کہ ہم نے عزم مصمم کیا ہے کہ مقامی این جی اوز اور سماجی تنظیموں کی مدد سے ملک بھر کے 100/شہروں وقصبوں میں مسجد اسٹڈی سرکلز کا قیام عمل میں لائیں گے۔اس اقدام کا مقصد طلباء کے لئے مساجد میں آنے اور ذاتی مطالعہ اور امتحانات کی تیاری کرنے کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے،اس کے ساتھ ساتھ دینی وروحانی تربیتی ماحول فراہم کرنا ہے۔

ہم نے پختہ ارادہ کیا ہے کہ مذکورہ مطالعاتی حلقوں (اسٹڈی سرکلز) کو رمضان 2025ء سے پہلے شروع کر دیا جائے۔اس لئے ہم مساجد کمیٹیوں اور افراد سے ہمدردانہ ومخلصانہ گزارش کرتے ہیں کہ وہ اس نیک مقصد کے لئے ہمارا بھرپور تعاون کریں اور اس ہمارے عزم میں ہم کو کامیاب کریں۔

آپ کس طرح مدد کر سکتے ھیں:

1۔ اس پیغام کو اپنے علاقے کی مساجد کمیٹیوں کے ساتھ شیئر کریں۔

2۔ مساجد کمیٹیوں کو اس اقدام میں حصہ لینے کی ترغیب دیں۔

3۔ لوگوں میں طلباء کو مطالعہ کے لئے پرسکون،دینی وروحانی ماحول فراہم کرنے کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پھیلائیں۔

ھم سے رابطہ کریں:

اگر آپ مسجد اسٹڈی سرکل قائم کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں،تو براہ کرم ہم سے اس نمبر پر رابطہ کریں:

موبائل نمبر: +91-7760984404

محمد عاصم عتیق (بیدر بیٹرمنٹ فاؤنڈیشن)

info@bidarbettermentfoundation.org | www.bidarbettermentfoundation.org

جزاکم اللہ